# سبق - ۱۸

# خود دار لکڑ ہارا

حاتم طائی عرب کے ایک قبیلے کا سردار تھا۔ وہ بہت سخی، ہمّت والا اور خود دار شخص تھا۔ ہمیشہ غریبوں اور محتاجوں کی مدد کیا کرتا۔

ایک دفعہ لوگوں نے اس سے پوُچھا، ”اے حاتم! کیا تم نے کسی ایسے شخص کو بھی دیکھا ہے جو تم سے زیادہ ہمّت والا اور بہادُر ہو؟“

حاتم نے جواب دیا، ”ہاں، ایک دن میں نے عرب کے لوگوں کو کھانے پر بُلایا۔ میں نے مُنادی کرادی کہ ”ہر امیر، غریب دعوت میں شرکت کرے۔ اس موقع پر میں نے چالیس اوُنٹ ذبح کروائے۔ علاقے کے سارے امیر غریب، چھوٹے بڑے خوشی خوشی اس دعوت میں شریک ہوئے۔“ حاتم تھوڑی دیر کے لیے رُکا، پھر بولا، ”گھر میں یہ تقریب ہو رہی تھی۔ اسی وقت مجھے کسی ضروُرت سے قریب کے جنگل میں جانا پڑا۔ وہاں میری نظر ایک لکڑ ہارے پر پڑی جو لکڑیاں کاٹ رہا تھا تاکہ بازار میں انھیں بیچ کر روزی کمائے۔ مجھے بڑا تعجُّب ہوا۔



میں اس لکڑ ہارے کے پاس گیا اور بولا، ’بابا! آج حاتم کے ہاں دعوتِ عام ہے۔ لوگ کھانا کھا رہے ہیں۔ تم وہاں کیوں نہیں جاتے؟‘

اس پر لکڑ ہارے نے جواب دیا، ’جو آدمی اپنی محنت کی روٹی کھاتا ہے، وہ حاتم کا احسان کیوں اُٹھائے۔‘

حاتم نے لوگوں کو بتایا، ”وہ شخص مجھ سے زیادہ ہمّت والا اور خود دار تھا۔“

| | | | |
|---|---|---|---|
| قبیلہ | Tribe | تقریب | Celebration |
| سخی | Generous | دعوتِ عام | Feast |
| محتاج | Needy | خوددار | Self-respectful |
| مُنادی کرانا | Proclaim | | |

## مشق

### (الف) ایک جملے میں جواب لکھیے۔

۱۔ حاتم طائی کون تھا؟

۲۔ حاتم طائی کیسا شخص تھا؟

۳۔ دعوت کے موقع پر حاتم طائی نے کتنے اونٹ ذبح کروائے؟

۴۔ لکڑہارا کیا کر رہا تھا؟

### (ب) نیچے دیے ہوئے جملوں کی مناسب لفظ سے خانہ پُری کیجیے۔

۱۔ حاتم ہمیشہ غریبوں اور ................ کی مدد کیا کرتا۔

۲۔ ایک دن میں نے ................ کے لوگوں کو کھانے پر بُلایا۔

۳۔ مجھے کسی ضرورت سے قریب کے ................ میں جانا پڑا۔

۴۔ میری نظر ایک ................ پر پڑی۔

9D21JE

☆ **ان جملوں کو غور سے پڑھیے :**

۱۔ حاتم طائی عرب کے ایک قبیلے کا سردار تھا۔

۲۔ میں نے چالیس اونٹ ذبح کروائے۔

۳۔ مجھے قریب کے جنگل میں جانا پڑا۔

۴۔ لکڑہارا لکڑیاں کاٹ رہا تھا۔

ان جملوں میں 'حاتم طائی' کسی **شخص** (person) کا نام ہے۔ 'اونٹ' کسی **جانور** (animal) کا نام ہے۔ 'جنگل' ایک **جگہ** (place) کا نام ہے۔ 'لکڑیاں' **چیز** (thing) کا نام ہے۔

کسی شخص، جگہ، چیز یا جانور وغیرہ کے نام کو **'اسم'** (Noun) کہتے ہیں۔